صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 12 نومبر 2015ء 29 محرم 1437 ہجری 12 نبوت 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 256

سچا متلاشی حق

کلاڈ ایم۔ ہیتھ وے انجینئر لکھتا ہے:

چوتھی صدی عیسوی کے آگسٹائن دور سے لے کر آج تک خدا کے ماننے والوں کی ایک بڑی تعداد ایسی رہی ہے جو اس تصور کو تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں کہ کائنات کی تخلیق کا پورا عمل ایک دفعہ ہی ہو گیا ہے بلکہ وہ تخلیق میں تدریج وارتقاء کے قائل ہیں۔ ان لوگوں کے نزدیک (اور ان میں مَیں خود کو بھی شامل کرتا ہوں) نظریۂ ارتقاء کا تصور مذہبی عقیدے کی حیثیت سے بھی بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ اس عقیدے کے ذریعے ایک سچا متلاشی حق خدا کی براہ راست معرفت حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکتا ہے۔ **اگر کھلے دل و دماغ کے ساتھ سائنس کا مطالعہ کیا جائے تو آدمی کے لئے خدا پر ایمان لانے کے سوا چارہ نہیں۔** (خدا موجود ہے، صفحہ 63، مرتبہ جان کلوورا مونزما۔ مترجم عبدالحمید صدیقی، مقبول اکیڈمی لاہور۔ طبع چہارم)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا کی رحمت کے سرچشمہ سے فائدہ اٹھانے کا اصل فائدہ یہی ہے۔ خدا تعالیٰ کا یہ خاصہ ہے کہ جیسے اس انسان کا قدم بڑھتا ہے ویسے ہی پھر خدا کا قدم بڑھتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی خاص رحمتیں ہر ایک کے ساتھ نہیں ہوتیں اور اسی لئے جن پر یہ ہوتی ہیں۔ ان کے لئے وہ نشان بولی جاتی ہیں۔ (اس کی نظیر دیکھ لو) کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کے دشمنوں نے کیا کیا کوششیں آپ کی ناکامیابی کے واسطے کیں مگر ایک پیش نہ گئی حتیٰ کہ قتل کے منصوبے کئے۔ مگر آخر ناکامیاب ہی ہوئے۔ خدا تعالیٰ یہ تجویز پیش کرتا ہے (اس خاص رحمت کے حصول کے واسطے جو اخلاق وغیرہ حاصل کئے جاویں تو) ان امروں کو چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے سامنے پیش کیا جاوے نہ کہ ہمارے سامنے۔ اپنے دلوں میں خدا تعالیٰ کی محبت اور عظمت کا سلسلہ جاری رکھیں اور اس کے لئے نماز سے بڑھ کر اور کوئی شے نہیں ہے۔ کیونکہ روزے تو ایک سال کے بعد آتے ہیں۔ اور زکوٰۃ صاحب مال کو دینی پڑتی ہے۔ مگر نماز ہے کہ ہر ایک (حیثیت کے آدمی) کو پانچوں وقت ادا کرنی پڑتی ہے اسے ہرگز ضائع نہ کریں۔ اسے بار بار پڑھو اور اس خیال سے پڑھو کہ **میں ایسی طاقت والے کے سامنے کھڑا ہوں کہ اگر اس کا ارادہ ہو تو ابھی قبول کر لیوے** اسی حالت میں بلکہ اسی ساعت میں بلکہ اسی سیکنڈ میں۔ کیونکہ دوسرے دنیاوی حاکم تو خزانوں کے محتاج ہیں۔ اور ان کو فکر ہوتی ہے کہ خزانہ خالی نہ ہو جاوے اور ناداری کا ان کو فکر لگا رہتا ہے۔ مگر خدا تعالیٰ کا خزانہ ہر وقت بھرا بھرایا ہے۔ جب اس کے سامنے کھڑا ہوتا ہے تو صرف یقین کی حاجت ہوتی ہے۔ اسے اس امر پر یقین ہو کہ میں ایک سمیع، علیم اور خبیر اور قادر ہستی کے سامنے کھڑا ہوا ہوں اگر اسے مہر آجاوے تو ابھی دے دیوے۔ بڑی تضرع سے دعا کرے۔ ناامید اور بدظن ہرگز نہ ہووے اور اگر اسی طرح کرے تو (اس راحت کو) جلدی دیکھ لے گا۔ اور خدا تعالیٰ کے اور اور فضل بھی شامل حال ہوں گے اور خود خدا بھی ملے گا تو یہ طریق ہے جس پر کاربند ہونا چاہئے۔ مگر ظالم فاسق کی دعا قبول نہیں ہوا کرتی کیونکہ وہ خدا تعالیٰ سے لاپرواہ ہے۔ ایک بیٹا اگر باپ کی پروانہ کرے اور ناخلف ہو تو باپ کو اس کی پروا نہیں ہوتی تو خدا کو کیوں ہو۔

(ارشاد فرمودہ 8 جنوری 1903ء)

حضور انور کے ریڈیو ہالینڈ سے انٹرویو کی ریکارڈنگ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ریڈیو ہالینڈ سے انٹرویو کی ریکارڈنگ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر پاکستانی وقت کے مطابق درج ذیل اوقات میں نشر کی جائے گی۔ احباب استفادہ فرمائیں۔

12 نومبر 8:40pm, 11:15am
13 نومبر 4:00am
14 نومبر 8:40pm, 12:35pm
15 نومبر 7:00am, 12:00am

اعتذار

مورخہ 10 نومبر 2015ء کے روزنامہ الفضل میں صفحہ نمبر 3 پر 25 ستمبر 2015ء کے خطبہ جمعہ کا متن شائع ہوا ہے۔ اس میں خطبہ کا مقام بیت الفتوح مورڈن لندن تحریر ہے جو کہ درست نہیں ہے۔ اس روز حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ بیت الفضل لندن میں ارشاد فرمایا تھا۔ احباب درستی فرما لیں۔ ادارہ معذرت خواہ ہے۔

ریسرچ مقابلہ اور کانفرنس

عبدالسلام ریسرچ فورم کے تحت 5 اور 6 دسمبر 2015ء کو ربوہ میں International Infectious Diseases Conference 2015 منعقد کی جارہی ہے۔ اس کانفرنس میں دنیا کے مختلف ممالک سے ڈاکٹر صاحبان اپنی ریسرچ پیش کریں گے۔ اس موقع پر نوجوان ڈاکٹر صاحبان کے لئے ایک مقابلہ کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ 30 سال سے کم عمر ڈاکٹر صاحبان اپنی ریسرچ Poster Presentation کی صورت میں پیش کر سکتے ہیں۔ Poster Presenation کی تفصیلات کانفرنس کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔
www.infectiousdiseasesconf.com

بقیہ از صفحہ 12 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال و جواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 2۔ اکتوبر 2015ء

س: خطبہ کے آغاز میں تلاوت کی گئی آیات کا ترجمہ لکھیں؟

ج: ”ہم ضرور تمہیں کچھ خوف اور کچھ بھوک اور کچھ اموال اور جانوں اور پھلوں کے نقصان کے ذریعہ آزمائیں گے اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دے۔ ان لوگوں کو جن پر کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ کہتے ہیں ہم یقیناً اللہ ہی کے ہیں اور ہم یقیناً اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔“

(سورۃ بقرہ آیت 158-157)

س: حقیقی مومن کو کس خاص خاصیت کا حامل ہونا چاہیے؟

ج: فرمایا! ان آیات میں مؤمنوں کی خصوصیات کا ذکر کیا گیا ہے جو وہ مشکلات اور مصائب یا کسی بھی قسم کے نقصان کے ہونے پر دکھاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ایک حقیقی مؤمن ہر طرح کے نقصان سے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرتے ہوئے کامیاب ہو کر نکلتا ہے اور نکلنا چاہئے۔

س: مصائب اور تکالیف کے وارد ہونے پر مومن کا کیا ردعمل ہوتا ہے؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”مصیبتوں کو برا نہیں ماننا چاہیے کیونکہ مصیبتوں کو برا سمجھنے والا مومن نہیں ہوتا۔ یہی تکالیف جب رسولوں پر آتی ہیں تو ان کو انعام کی خوشخبری دیتی ہیں اور جب یہی تکالیف بدوں پر آتی ہیں تو ان کو تباہ کر دیتی ہیں...... مؤمن کی زندگی کے دو حصے ہیں جو نیک کام مؤمن کرتا ہے اس کیلئے اجر مقرر ہوتا ہے مگر صبر ایک ایسی چیز ہے جس کا ثواب بے حد و بے شمار ہے...... خدا تعالیٰ ان لوگوں کی زندگی کے دو حصہ کرتا ہے جو صبر کے معنی سمجھ لیتے ہیں۔ اول جب صبر کرنے والا دعا کرتا ہے تو خدا تعالیٰ اسے قبول کرتا ہے۔ دوم بعض دفعہ اللہ تعالیٰ مؤمن کی دعا کو بعض مصلحت کی وجہ سے قبول نہیں کرتا تو اس وقت مؤمن خدا تعالیٰ کی رضا کیلئے سرتسلیم خم کر دیتا ہے۔ تنزل کے طور پر کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مؤمن سے دوست کا واسطہ رکھتا ہے جیسا کہ دو دوست ہوں ان میں سے ایک دوسرے کی بات تو کبھی مانتا ہے اور کبھی اس سے منواتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے اس تعلق کی مثال ہے جو وہ مؤمن سے رکھتا ہے کبھی وہ مؤمن کی دعا کو قبول کرتا ہے جیسا کہ فرماتا ہے أدعونی ......اور کبھی وہ مؤمن سے اپنی باتیں منوانی چاہتا ہے چنانچہ فرماتا ہے ولنبلونکم ......کہ مؤمن کے جوہر بھی مصائب سے کھلتے ہیں چنانچہ دیکھو رسول کریم ﷺ کے دکھوں اور نصرت کے زمانہ پر آپ کے اخلاق کو کس طرح ظاہر کیا۔ اگر رسول کریم ﷺ کو تکالیف نہ پہنچتے تو اب ہم ان کے اخلاق کے متعلق کیا بیان کرتے۔ مؤمن کی تکالیف کو دوسرے بیشک تکالیف سمجھتے ہیں مگر مؤمن اس کو تکالیف نہیں خیال کرتا۔ غرض یہ ضروری بات ہے کہ انسان اپنی سچی توبہ پر قائم رہے اور یہ سمجھے کہ توبہ سے اس کو ایک نئی زندگی ملتی ہے اور اگر توبہ کے ثمرات چاہتے ہو تو عمل کے ساتھ توبہ کی تکمیل کرو۔

(تفسیر حضرت مسیح موعود جلد اول ص 603)

س: ابتلاؤں اور مشکلات پر صبر اختیار کرنے کے متعلق حضرت مسیح موعود کا فرمان درج کریں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ”تم مؤمن ہونے کی حالت میں ابتلا کو برا نہ جانو اور برا وہی جانے گا جو مؤمن کامل نہیں ہے۔ قرآن شریف فرماتا ہے کہ ہم کبھی تم کو مال سے یا جان سے یا اولاد یا کھیتوں وغیرہ کے نقصان سے آزمایا کریں گے مگر جو ایسے وقتوں میں صبر کرتے اور شاکر رہتے ہیں تو ان لوگوں کو بشارت دو کہ ان کے واسطے اللہ تعالیٰ کی رحمت کے دروازے کشادہ اور ان پر خدا کی برکتیں ہوں گی۔ بعض لوگ اللہ تعالیٰ پر الزام لگاتے ہیں کہ وہ ہماری دعا کو قبول نہیں کرتا یا اولیاء لوگوں پر طعن کرتے ہیں کہ ان کی فلاں دعا قبول نہیں ہوئی۔ فرمایا کہ اصل میں وہ نادان اس قانون الٰہی سے ناآشنا محض ہوتے ہیں۔ جس انسان کو خدا سے ایسا معاملہ پڑا ہو گا وہ خوب اس قاعدے سے آگاہ ہو گا۔ اللہ تعالیٰ نے مان لینے کے اور منوانے کے دو نمونے پیش کئے ہیں انہی کو مان لینا ایمان ہے۔ تم ایسے نہ بنو کہ ایک ہی پہلو پر زور دو۔ ایسا نہ ہو کہ تم خدا کی مخالفت کر کے اس کے مقررہ قانون کو توڑنے کی کوشش کرنے والے بنو۔“

(تفسیر حضرت مسیح موعود جلد اول ص 605)

س: حضرت مسیح موعود نے انسان کی حقیقی ترقی کے واسطے کون سے دو طریق بیان فرمائے ہیں؟

ج: حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”انسان کے واسطے ترقی کرنے کے دو ہی طریق ہیں۔ اول تو انسان تشریح احکام یعنی نماز روزہ زکوۃ اور حج وغیرہ تکالیف شریعہ کی پابندی سے جو کہ خدا کے حکم کے موجب خود بجالا کر کرتا ہے مگر یہ امور چونکہ انسان کے اپنے ہاتھ میں ہوتے ہیں اس لئے کبھی ان میں سستی اور تساہل بھی کر بیٹھتا ہے اور کبھی ان میں کوئی آسانی اور آرام کی صورت بھی پیدا کر لیتا ہے لہٰذا دوسرا وہ طریق ہے جو براہ راست خدا کی طرف سے انسان پر وارد ہوتا ہے اور یہی انسان کی اصلی ترقی کا باعث ہوتا ہے کیونکہ تکالیف شرعیہ میں انسان کوئی نہ کوئی راہ بچاؤ یا آرام و آسائش کی نکال ہی لیتا ہے۔ دیکھو کسی کے ہاتھ میں تازیانہ دے کر اگر اسے کہا جاوے کہ اپنے بدن پر مارو تو قاعدے کی بات ہے کہ آخر اپنے بدن کی محبت دل میں آ ہی جاتی ہے۔ کون ہے جو اپنے آپ کو دکھ میں ڈالنا چاہتا ہے۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے انسانی تکمیل کے واسطے ایک دوسری راہ رکھ دی اور فرمایا کہ ہم آزماتے رہیں گے تم کو کبھی کسی قدر خوف بھیج کر کبھی فاقہ سے کبھی مال جان اور پھلوں پر نقصان وارد کرنے سے مگر ان مصائب و شدائد اور فقر و فاقہ پر صبر کر کے انا اللہ...... کہنے والے کو بشارت دے دو کہ ان کے واسطے بڑے بڑے اجر، خدا کی رحمتیں اور اس کے خاص انعامات مقرر ہیں۔“ (تفسیر حضرت مسیح موعود ص 619)

س: حضور انور نے صبر کے کیا معنی بیان فرمائے ہیں؟

ج: فرمایا! صبر کے یہ معنی نہیں ہیں کہ انسان کسی نقصان پر افسوس نہ کرے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی نقصان کسی تکلیف کو اپنے اوپر اتنا وارد نہ کر لے کہ ہوش و حواس کھو بیٹھے اور مایوس ہو کر بیٹھ جائے اور اپنی عملی طاقتوں کو استعمال میں نہ لاوے۔

س: توبہ کے ساتھ عمل اختیار کرنے کی بابت حضور انور نے کیا بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! پس مؤمن کا کام ہے کہ عمل کے ساتھ ساتھ توبہ کی طرف بھی توجہ دے۔ یعنی ہر مشکل اور امتحان کے وقت اللہ تعالیٰ کے حضور جھک کر اپنی کمزوریوں کا اعتراف کرے اور پھر نیک اعمال سے اپنی اصلاح کے تسلسل کو جاری رکھے۔ جس طرح ایک مالی پودا لگا کر پھر اسے پانی دیتا ہے اسے پالتا ہے اسے سینچتا ہے اسی طرح مؤمنوں کو بھی چاہئے کہ ایمان کے پودے کو نیک اعمال کا پانی لگائیں۔

س: حضور انور نے انا للہ ......کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج: فرمایا! جب انسان انا اللہ کہتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں۔ پس جب ہم مصائب یا نقصان دیکھ کر انا اللہ کہتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم جب اللہ تعالیٰ کے ہیں تو اللہ تعالیٰ ہمیں کبھی تباہ و برباد نہیں کرے گا۔ اگر کوئی مشکل آئی ہے تو شاید اللہ تعالیٰ ہمیں پہلے سے بڑھ کر انعام دینے کے لئے تیار کرنا چاہتا ہے اور انا الیہ...... کہہ کر پھر ہم اللہ تعالیٰ کے آگے جھک کر یہ کہتے ہیں کہ آئندہ کے بڑے انعام میں ہماری وجہ سے پھر کوئی روک نہ پیدا ہو بلکہ ہم اے اللہ تیری طرف جھکتے ہوئے یہ انعام مانگتے ہیں اور ہمیشہ تیرے فضلوں کے ہی طلبگار رہیں۔ پس ہمیں صابر بھی بنا۔

س: بیت الفتوح کے کچھ حصہ کو آگ لگنے پر مختلف لوگوں نے کس طرح کا ردعمل ظاہر کیا؟

ج: فرمایا!: یہاں بیت الذکر کے متصل دو ہالوں میں آگ کی وجہ سے بڑا نقصان ہوا بڑی خوفناک آگ تھی۔ اس پر جب مختلف ٹی وی چینلز اور دوسرے میڈیا نے خبر دی ہے تو بعض بغض و کینہ میں بڑھے ہوئے لوگوں نے بڑی خوشی کا اظہار کیا بلکہ اس بات پر افسوس کیا کہ ان کے صرف دو ہال جلے ہیں بیت الذکر کیوں نہیں جلی۔ بعض علاقوں سے مسلمانوں نے ہمارے سے ہمدردی کا اظہار بھی کیا ہے۔ بعض لاعلم مقامی انگریزوں نے بھی یہ اظہار کیا کہ اچھا ہوا کیونکہ (۔) کے خلاف ویسے ہی نفرت بعض جگہوں پر پھیلی ہوئی ہے لیکن ہمارے ہمسائے اور وہ لوگ جو جماعت کو جانتے ہیں انہوں نے ہی ان کو خود ہی جواب دیا اور کہا کہ تم لوگوں کو شرم آنی چاہئے یہ تو ایسی جماعت ہے جو صحیح دین حق کی تعلیم پر عمل کرتی ہے اور پھر دنیا میں مختلف چینلز نے اور دوسرے ذرائع نے بھی اس خبر کو دیا۔ گویا اس واقعہ نے جماعت کا ایک وسیع تعارف بھی کروا دیا دنیا میں۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس نقصان اور امتحان میں بھی جماعت کے حق میں لوگوں کو کھڑا کر کے دنیا کو بتا دیا کہ میں ان کے ساتھ ہوں۔

س: حضور انور نے بیت الفتوح کے گرد جماعت کے ہمسایوں سے تعلقات کی بابت کیا بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! ایک پریس کا نمائندہ اسی دوران جب یہ واقعہ ہو رہا تھا یہاں آیا اور ہمارے اشاعت سیکرٹری سے انٹرویو لینے لگا۔ باہر سڑک پر کھڑے ہو کے اندر آنے کی تو اجازت نہیں تھی کہ اس نے اس سے یہ سوال کیا کہ آپ کے ہمسایوں سے کیسے تعلقات ہیں اور ان کے کیا تاثرات ہیں۔ اسی دوران ابھی یہ سوال کر رہا تھا کہ ایک کار آ کے رکی اور اس میں سے ایک انگریز خاتون اتریں اور قریب آ کر یہ کہا کہ میں آپ کی ہمسائی ہوں۔ یہیں ساتھ ہی رہتی ہوں بیت الذکر کے اور پھر اپنی مدد کی پیشکش کی۔ اسی طرح بہت سے اور لوگ آئے، چرچ کے نمائندے آئے، تو بہرحال ہمسایوں کے یہ تاثرات براہ راست سن کر وہ نمائندہ کہنے لگا کہ مجھے میرے سوال کا جواب مل گیا ہے۔

س: حضور انور نے آگ لگنے والے واقعہ کے دن جماعتی کاموں کے جاری رکھنے کی بابت کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! جماعت احمدیہ کے کام تو اس وقت بھی نہیں رکے تھے جب آگ لگنے کا واقعہ ہو رہا تھا۔ لندن سے باہر یا یوکے سے باہر کی بات نہیں ہے۔ بعض ہمارے ورکر پریشان ضرور تھے لیکن لیکن افسوس سر پر سوار نہیں کر لیا جاتا۔ ایم ٹی اے کے انتظام کا ایک حصہ بھی یہیں ہے بلکہ بہت بڑا حصہ یہاں ہے۔ اس دن راہ ہدیٰ کا لائیو پروگرام تھا تو پروگرام والوں نے فیصلہ کر لیا کہ سٹوڈیو تک ہماری پہنچ نہیں ہے اور پتا نہیں وہاں کیا حالات ہیں اس میں جایا بھی نہیں جا سکتا اس لئے آج لائیو پروگرام نہیں کریں گے۔ جب مجھے پتا چلا تو میں نے کہا بیت الفضل سے لائیو پروگرام ہو گا۔ اور ایسے فیصلے ان کو خود کرنے بھی نہیں چاہئیں مجھ سے پوچھے بغیر۔ چنانچہ فوری طور پر بیت الفضل کے سٹوڈیو سے راہ ہدیٰ کا لائیو پروگرام ہوا۔ تو ہمارا کام یہ نہیں ہے کہ نقصان پر مایوس ہو کر بیٹھ جائیں بلکہ فوری طور پر ہر ممکن متبادل کوشش کرنی چاہئے اور پھر باقی اللہ تعالیٰ پر چھوڑنا چاہئے۔

باقی صفحہ 11 پر

مرتبہ: مکرم ظہیر احمد خان صاحب معاون خاص افسر جلسہ سالانہ

صرف 28 دنوں کا شہر۔ حدیقۃ المہدی یوکے

جلسہ سالانہ کے خدمت گاروں کی سعادتیں۔ امام کی شفقتیں

(قسط دوم آخر)

اس کے بعد حضور انور روٹی پلانٹ میں تشریف لے گئے اور ناظم روٹی پلانٹ مکرم آغا عبدالکریم عابد صاحب نے حضور انور سے مصافحہ کی سعادت پائی۔ حضور انور نے آغا صاحب سے فرمایا کیا ہو رہا ہے، کوئی مسئلہ تو نہیں ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ حضور روٹی تیار کر رہے ہیں اور دعا کی ضرورت ہے۔

حضور انور نے کنویئر سے ایک روٹی کو اٹھا کر اس کا ایک نوالہ تناول فرمایا۔ پھر باقی روٹی کو اٹھا کر کے دونوں ہاتھوں میں لے کر اچھی طرح دبایا، پھر اسے کھول کر دیکھا اور پھر دوسری دفعہ اسے اکٹھا کر کے دبایا اور پھر کھول کر سیدھا کیا اور اچھی طرح اس کا جائزہ لیا۔ مکرم افسر صاحب جلسہ سالانہ اور مکرم ناظم صاحب روٹی پلانٹ سے روٹی کے بارہ میں استفسار پر حضور انور نے فرمایا روٹی ٹھیک ہے۔

پھر حضور انور نے یہ روٹی سامنے کھڑے مکرم مرزا عبدالرشید صاحب کو پکڑا دی، جنہوں نے حضور انور کے دست مبارک سے ملنے والی اس روٹی کو دنیا کی انمول متاع خیال کرتے ہوئے نہایت محبت کے ساتھ ایک ٹشو پیپر میں لپیٹ کر اپنی جیب میں اس طرح چھپالیا جس طرح صحرا کا مسافر اپنی پانی کی چھاگل اپنے ہم سفروں سے بچا بچا کر محفوظ رکھتا ہے۔

حضور انور نے وہاں کارکنان کو دیکھ کر فرمایا کافی سارے لوگ ہیں، کون کون ہیں؟ ناظم صاحب نے عرض کی کہ حضور اسلام آباد کے روٹی پلانٹ والی ٹیم بھی ہمارے پاس آگئی ہے۔ حضور انور کے دریافت فرمانے پر مکرم محمد ارشد خان صاحب (سابق ناظم روٹی پلانٹ اسلام آباد) حال ناظم روٹی پلانٹ آپریشن نے عرض کیا کہ اسلام آباد والے روٹی پلانٹ کو پیک کر کے رکھ لیا ہے، جلسہ کے بعد اسے شفٹ کیا جائے گا۔

حضور انور نے مکرم ارشد خان صاحب سے از راہ مزاح دریافت فرمایا کہ آپ سینئر ہیں یا آغا عابد صاحب سینئر ہیں؟ مکرم ارشد خان صاحب نے مکرم آغا عابد صاحب کی طرف اشارہ کر کے مسکراتے ہوئے عرض کیا، حضور یہ میرے باس ہیں۔

مکرم آغا عابد صاحب نے روٹی کی کوالٹی اور مشین کی کارکردگی کے بارہ میں تفصیل بتاتے ہوئے حضور انور کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ حضور ہم نے پلانٹ کے چائنہ کے بیرنگ تبدیل کر دیئے ہیں اور مکرم برہان خان صاحب، نصیر صاحب اور توقیر صاحب نے اس پلانٹ کو اچھی طرح کھول کر ایک ایک چیز کو سمجھ لیا ہے اور اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس پلانٹ پر ہم ایک گھنٹہ میں 12 ہزار روٹی تیار کر سکتے ہیں۔

حضور انور کے روٹی پلانٹ سے باہر تشریف لاتے ہوئے مکرم آغا عابد صاحب نے اپنے بیٹے کے بارہ میں دعا کی درخواست کی تو حضور انور نے فرمایا اللہ فضل فرمائے گا، میں نے خط پڑھ لیا ہے، اس کا ایک ویزہ تو لگ گیا۔

کچن کی طرف تشریف لے جاتے ہوئے کچن کے دروازہ میں کھڑی عمومی کی ٹیم کا مکرم عمران چغتائی صاحب نے تعارف کروایا۔ مکرم شبیر احمد صاحب ناظم عمومی نے آگے بڑھ کر حضور انور سے مصافحہ کی سعادت حاصل کی اور پھر حضور انور کچن کے اندر تشریف لے گئے۔ مکرم ناصر خان صاحب نے کچن میں لائنوں میں کھڑی فوڈ سیفٹی اور ہائجین ٹیم کا حضور انور سے تعارف کروایا۔ حضور انور نے ناظم فوڈ سیفٹی مکرم شیخ لطیف الرحمٰن صاحب سے ان کا حال دریافت فرمایا۔ انہوں نے عرض کیا اللہ کا شکر ہے آپ کی شفقت چاہئے اور پھر مکرم شیخ صاحب نے ایک عاجز غلام کی طرح اپنے آقا کے سامنے جھک کر حضور کے دست مبارک کو بوسہ دیتے ہوئے حضور سے مصافحہ کی سعادت پائی۔ مکرم شیخ صاحب کے ساتھ کھڑے مکرم چوہدری اعجاز احمد صاحب نے بھی حضور انور سے مصافحہ کی سعادت پائی حضور انور کے دست مبارک کو بوسہ دیا۔

حضور انور کے کچھ آگے تشریف لے جانے پر وہاں لائن میں کھڑے مکرم داؤد احمد گورائیہ صاحب اور ان کی ٹی سٹال کی ٹیم کا مکرم ناصر خان صاحب نے تعارف کروایا تو حضور انور نے فرمایا چائے کی ٹیم ہے؟

کچن کے بارہ میں مکرم ناصر خان صاحب افسر جلسہ سالانہ نے حضور انور کی خدمت میں عرض کیا کہ امسال اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم نے کچن میں بیس برنرز کا اضافہ کیا ہے اور اس طرح اب کچن میں کل 120 برنرز ہو گئے ہیں۔ کچن کے برنرز کو تین حصوں میں تقسیم کر کے ایک حصہ ریزرو 1 تبشیر، ریزرو 2 یوکے اور مرکزی مہمانوں کے کھانوں کی پکوائی کے لئے مکرم بشیر بابر صاحب اور مکرم عزیز احمد صاحب کو دیا گیا ہے، ایک بڑا حصہ جس میں عام مہمانوں کا کھانا تیار ہوگا مکرم رفیع شاہ صاحب کے سپرد ہے اور ایک حصہ یورپین مہمانوں اور بسوں کے مسافروں کے لئے شام کا کھانا تیار کرنے کے لئے مکرم مظفر حسین صاحب کو دیا گیا ہے۔

حضور انور نے مکرم رفیع شاہ صاحب ناظم لنگر نمبر 1 کو مخاطب کر کے فرمایا شاہ صاحب کیا حال ہے؟ اور پھر انہیں مصافحہ کا شرف عطا فرماتے ہوئے از راہ مزاح فرمایا لنگر 1 کے نائب ناظم؟ مکرم مرزا عبدالرشید صاحب نے عرض کیا ناظم حضور۔ پھر حضور انور نے دریافت فرمایا کہاں ہے لنگر 1؟

اس کے بعد حضور انور پہلے مکرم بشیر احمد بابر صاحب والے حصہ لنگر 3 میں تشریف لے گئے اور ایک دیگ کی طرف اشارہ کر کے دریافت فرمایا یہ کیا ہے؟ مکرم بشیر احمد بابر صاحب نے دیگ کا ڈھکن اٹھا کر عرض کیا کہ حضور دال بنائی ہے۔ حضور انور نے دال کو ملاحظہ فرمایا اور فرمایا وہاں (بیت الفتوح میں) جو پک رہی تھی، وہاں سے یہاں لے آئے ہیں؟ مکرم بشیر احمد بابر صاحب کے اثبات میں جواب پر حضور نے دوسری دیگ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا اور یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ حضور یہ بھی دال ہے جو رات کے کھانے کے لئے تیار کی ہے۔ پھر حضور انور نے دال کو چکھ کر فرمایا نمک مرچ کم ہے۔

مکرم بشیر احمد بابر صاحب نے حضور انور کی خدمت اقدس میں زردہ پیش کیا تو حضور انور نے اسے چکھ کر متبرک فرمایا۔

پھر حضور انور رفیع شاہ صاحب کے لنگر 1 میں تشریف لے گئے۔ حضور انور نے اپنے دست مبارک سے آلو گوشت کی دیگ سے سالن نکالا اور پلیٹ طلب فرمائی۔ مکرم رفیع شاہ صاحب نے سیدھی پلیٹ پیش کی تو حضور انور نے فرمایا گہری پلیٹ دیں۔ مکرم رفیع شاہ صاحب نے ایک کارکن سے کہا کہ چپی پلیٹ لاؤ۔ حضور انور نے دریافت فرمایا یہ چپی پلیٹ کون سی ہوتی ہے؟ رفیع شاہ صاحب نے کہا حضور لنگر خانہ میں عام طور پر یہ جو پلاسٹک کی پلیٹ استعمال ہوتی ہے اسے ہم چپی پلیٹ کہتے ہیں۔ پلیٹ آنے پر حضور انور نے اس پلیٹ میں سالن ڈالا اور پھر روٹی کے ایک نوالہ سے تھوڑا سا آلو اور شوربا لگا کر تناول فرمایا۔ پھر حضور انور نے فرمایا اور کیا ہے؟ مکرم رفیع شاہ صاحب نے دال کی دیگ کا ڈھکن اٹھایا۔ حضور انور نے دال کی دیگ سے دال نکال کر پلیٹ میں ڈالی اور روٹی کے نوالہ کو چمچ کی طرح بنا کر اس میں قدرے زیادہ دال ڈالی اور اپنے آقا و مطاع حضرت اقدس محمد مصطفیؐ کی ہدایت کے عین مطابق نوالہ کو بغیر پھونک مارے ٹھنڈا ہونے دیا۔ اس دوران مکرم رفیع شاہ صاحب نے عرض کیا کہ دیگ میں تین گھنٹے تک دال گرم رہتی ہے۔ ساتھ کھڑے ایک کارکن نے عرض کیا کہ اسی سینٹی گریڈ تک دال گرم ہوتی ہے۔ حضور کے اس کارکن کے بارہ میں دریافت کرنے پر مکرم رفیع شاہ صاحب نے عرض کیا کہ ایم ایس سی کر رہے ہیں۔ حضور انور نے از راہ مزاح فرمایا دال میں ایم ایس سی کر رہے ہیں۔ مکرم رفیع شاہ صاحب نے عرض کیا کہ سائنس میں کر رہے ہیں۔ پھر حضور انور نے وہ نوالہ جو حضور کے دست مبارک میں تھا اسے تناول فرمایا اور دال سے بہت زیادہ لطف اندوز ہوتے ہوئے مکرم رفیع شاہ صاحب کو ہدایت فرمائی کہ لجنہ اور مردوں دونوں طرف مین ٹیبل پر بھی دال بھجوائیں۔

حضور انور کے کچن کے تیسرے حصہ کی طرف تشریف لے جاتے ہوئے مکرم شاہد احمد صاحب نے حضور انور کے سامنے جلیبیاں پیش کیں۔ حضور انور نے ایک جلیبی کا چھوٹا سا ٹکڑا چکھ کر شاہد صاحب کی حوصلہ افزائی فرمائی۔

حضور انور کے کچن کے اس حصہ میں جہاں لنگر 2 قائم تھا تشریف لانے پر مکرم مظفر حسین صاحب ناظم لنگر 2 نے حضور انور سے مصافحہ کی سعادت پائی۔ حضور انور نے وہاں کھانوں کا جائزہ لیا۔ اس کچن میں پاستہ بنا ہوا تھا۔ ایک کارکن کے حضور انور کو پاستہ تناول فرمانے کی درخواست پر حضور انور نے کچن والوں کو فرمایا آپ خود اسے کھالیں۔ پھر حضور انور نے وہاں رکھے ہوئے کیک کو کاٹا جس پر جلسہ سالانہ یوکے 2015ء کے الفاظ تحریر تھے اور اس میں سے ایک چھوٹا سا ٹکڑا تناول فرما کر کیک کو متبرک فرمایا۔ حضور انور نے لنگر 2 میں لنگر کی یونیفارم میں ملبوس ایک بچہ کی گال پر اپنے دست مبارک سے نہایت شفقت کے ساتھ پیار دیا۔

اس کے بعد حضور انور کچن کے عقبی جانب سے باہر تشریف لے گئے۔ مکرم پیر بشارت صاحب نے عرض کیا کہ حضور ایک پراجیکٹ ہے جو حضور کو دکھانا چاہتے ہیں۔ حضور یہ ایک خود کار چینج اوور سوئچ ہے، جو بجلی کی مین سے جنریٹر یا ایک جنریٹر کی بجلی بند ہونے کی صورت میں دوسرے جنریٹر کی بجلی پر شفٹ ہونے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کمپنی سے جو سوئچ ہم ہائر کرتے ہیں اس کا مین سے جنریٹر پر شفٹ ہونے کا دورانیہ 20 سیکنڈ ہوتا ہے لیکن ہماری ٹیم کے کارکن نے جو یہ سوئچ بنایا ہے اس سے سیکنڈ بلکہ اس سے بھی کم وقت لگتا ہے اور مین سے جنریٹر پر شفٹ ہونے کا پتہ ہی نہیں لگتا۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کس نے بنایا ہے۔ مکرم پیر صاحب نے عرض کیا کہ حضور شاہد (جلیبی) نے بنایا ہے۔ حضور انور نے از راہ مزاح فرمایا کہ پھر یہ بھی جلیبی کی طرح ہوگا۔

پھر مکرم شاہد احمد صاحب نے ایک بورڈ پر لگے بلب پر اس کا تجربہ اس طرح حضور انور کی خدمت اقدس میں پیش کیا کہ ساتھ لگے سوئچ کو آن آف کرنے پر بلب نہایت معمولی جرک کے ساتھ عام بجلی سے جنریٹر کی بجلی پر اور جنریٹر کی بجلی سے عام بجلی پر جلنے لگتا تھا۔ حضور انور نے فرمایا اسے آٹومیٹک بنانا تھا۔ مکرم شاہد صاحب نے عرض کیا کہ حضور چینج اوور سوئچ آٹومیٹک ہی ہے اور آن آف کرنے والا سوئچ صرف حضور انور کے ملاحظہ کے لئے لگایا گیا ہے۔

اس کے بعد حضور انور ٹرانسپورٹ کی ٹیم کے پاس سے گزرے تو مکرم مقبول احمد صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ نے ناظمین کا تعارف کروایا۔ حضور انور نے ناظمین کو شرف مصافحہ بخشا۔

پھر حضور انور پرائیویٹ ٹینٹ ایریا میں تشریف لے گئے۔ ناظم پرائیویٹ اینڈ ہائرڈ ٹینٹ مکرم مونس احمد ناصر نے عرض کیا کہ حضور اب تک پچاس ٹینٹ لگ چکے ہیں۔ حضور انور نے وہاں لگے ٹینٹوں پر

ایک نظر ڈالی اور پھر وہاں موجود ٹائلٹس کو کھولنے کی ہدایت فرمائی۔ لیکن ناظم صاحب کے پاس ان ٹائلٹس کی چابی نہ ہونے کی وجہ سے حضور انور ان ٹائلٹس کا معائنہ نہ فرما سکے۔ ایک کارکن کے عرض کرنے پر کہ عقب سے شاید ٹائلٹس کھلی ہوں۔ حضور انور نے ارشاد فرمایا کہ ادھر سے انہیں کھولیں لیکن عقب سے بھی ٹائلٹس بند تھیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ معائنہ کے موقعہ پر انہیں کھلا ہونا چاہئے تھا۔

اس کے بعد حضور انور لجنہ کی رہائش کی مارکیوں میں تشریف لے گئے۔ مکرم ناصر خان صاحب کی درخواست پر حضور انور نے رہائش کی ایک مارکی کے قریب جا کر اسے اندر سے ملاحظہ فرمایا۔ مکرم ناصر خان صاحب نے عرض کیا کہ امسال ان مارکیوں کا فرش مین مارکی کی طرح زمین سے اٹھا کر لگایا گیا ہے نیز ان میں ہیٹنگ کا انتظام کیا گیا ہے۔ حضور انور نے فرمایا ابھی تک تو گرمی تھی کافی لیکن اگلے دنوں میں شاید ٹھنڈ ہو جائے۔ اس وقت جتنا درجہ حرارت ہے اس میں تو ایئر کنڈیشن کا انتظام ہونا چاہئے۔ پھر حضور انور نے اس ایریا میں موجود ٹائلٹس کے اندر جا کر اچھی طرح ان کی صفائی وغیرہ کا جائزہ لیا۔

یہاں سے حضور انور لجنہ کے سکیننگ ایریا کی طرف تشریف لے گئے۔ حضور انور نے مکرمہ ڈاکٹر فریحہ خان صاحبہ نائب ناظمہ اعلیٰ سے دریافت فرمایا کہ لجنہ کے لئے سکیننگ کے کتنے راستے رکھے گئے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ لجنہ کے لئے سکیننگ کے دو سٹیشن ہیں اور ایک سٹیشن میں پانچ اور ایک میں تین راستے ہیں۔ پھر حضور انور کے دریافت کرنے پر مکرمہ ڈاکٹر صاحبہ نے عرض کیا کہ دوسرے سٹیشن پر بچوں کی پش چیئرز والی خواتین کے گزرنے کا انتظام ہے اور پش چیئرز کی چیکنگ کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔

لجنہ سکیننگ سٹیشن کے سامنے سے گزرنے والی سڑک کی بابت مکرم ناصر خان صاحب نے حضور انور کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور امسال یہ نئی ٹارمک روڈ بنوائی گئی ہے لیکن بارش کی وجہ سے اوپر کیچڑ جم جانے کی وجہ سے نئی نہیں لگ رہی۔ حضور انور نے مکرم ناصر خان صاحب کی وضاحت سے محظوظ ہوتے ہوئے فرمایا اچھا، کمال کر دیا ہے آپ نے۔

پھر حضور انور رجسٹریشن آفس ایریا میں تشریف لے گئے۔ مکرم مبشر مرزا صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ نے حضور کا استقبال کیا اور حضور سے مصافحہ کی سعادت پائی۔ لیڈی رجسٹریشن آفس کے اندر داخل ہوتے ہوئے حضور انور نے دریافت فرمایا یہ کیا ہے؟ مکرم مبشر مرزا صاحب نے تیزی سے اس لہجہ میں یہ لیڈی سیکشن کے الفاظ کہے کہ یوں لگا کہ انہوں نے کہا ہو کہ یہ ریلوے سٹیشن ہے۔ حضور انور نے مسکراتے ہوئے استفہامیہ انداز میں فرمایا ریلوے سٹیشن؟ اسی دوران مکرم خواجہ عابد صاحب ناظم رجسٹریشن نے حضور انور کے دست مبارک کو بوسہ دیتے ہوئے حضور سے مصافحہ کی سعادت پائی۔ مکرم مبشر مرزا صاحب نے وضاحت کرتے ہوئے عرض کیا کہ حضور لیڈی سیکشن۔ حضور انور نے فرمایا یہاں تو بندے کھڑے ہیں۔ مکرم مبشر مرزا صاحب نے عرض کیا کہ یہ صرف معائنہ اور حضور انور کے ملاحظہ کے لئے ہے۔ مردوں کا سیکشن دوسری طرف ہے۔ حضور انور نے استفسار فرمایا کہ سیٹ اپ تیار کر کے آپ خواتین کے حوالہ کر دیں گے؟ مکرم مبشر مرزا صاحب کے اثبات میں جواب پر حضور انور نے فرمایا ٹھیک ہے۔ ناظم صاحب رجسٹریشن نے مختلف قسم کے رجسٹریشن کارڈ حضور انور کے ملاحظہ کے لئے پیش کئے اور عرض کیا کہ امسال کارڈز پر تصاویر کو زیادہ واضح کر دیا گیا ہے۔ حضور انور نے فرمایا میں انہیں (بیت الفتوح میں) دیکھ چکا ہوں۔

یہاں سے نکل کر مردانہ سکیننگ ایریا کی طرف جاتے ہوئے راستہ میں لائن میں کھڑی سائیٹ 1 کی ٹیم اور ان کے ناظم مکرم عبدالباسط ناصر صاحب کا مکرم ناصر خان صاحب نے تعارف کروایا۔ مردانہ سکیننگ ایریا کے سامنے سکیورٹی کی مردانہ ٹیم ایک مخصوص یونیفارم میں ملبوس کھڑی تھی، ناظم سکیننگ سکیورٹی مکرم یعقوب سندھی صاحب نے حضور انور کے دست مبارک کو بوسہ دیتے ہوئے مصافحہ کی سعادت پائی۔ حضور انور نے مردانہ سکیننگ ایریا میں سے گزرتے ہوئے اپنے کارڈ کو جو حضور انور کے دست مبارک میں تھا ازراہ شفقت سکین کروایا اور وہاں موجود نسبتاً کم عمر کے تمام کارکنان کو ازراہ شفقت مصافحہ کا شرف عطا فرمایا۔

ایرینا کے اندر داخل ہونے کے کچھ دیر بعد حضور انور نے اپنا Aims کارڈ اور All Access ایریا کارڈ جو ایک ہی کور میں ڈالے ہوئے تھے محترم منیر احمد صاحب جاوید پرائیویٹ سیکرٹری کو پکڑاتے ہوئے فرمایا یہ لے لیں، اب تو اندر داخل ہو گئے ہیں، اس کی ضرورت نہیں رہی۔

ایرینا میں داخل ہونے کے بعد حضور انور مخزن التصاویر کی مارکی کی طرف تشریف لے گئے۔ انچارج مخزن التصاویر مکرم عمیر علیم صاحب سے حضور انور نے دریافت فرمایا مارکی کی تمہاری مرضی کی جگہ پر ہے؟ انہوں نے عرض کیا جی حضور اچھی جگہ پر ہے۔ حضور انور نے فرمایا چلو خوش ہو گئے ہو، اچھی بات ہے۔ اس مارکی کا داخلی دروازہ قدرے زمین سے اونچا تھا اور سامنے ریمپ بنایا گیا تھا، اسے دیکھ کر حضور انور نے دریافت فرمایا کہ اسے اٹھایا کیوں گیا ہے؟ مکرم عمیر علیم صاحب نے عرض کیا کہ حضور تصاویر کو لیول میں رکھنے کے لئے مارکی کو بھی لیول میں لگوایا گیا ہے اس لئے اسے ایک طرف سے اونچا کیا گیا ہے۔

مارکی کے اندر اس شعبہ کے کارکنان کھڑے تھے حضور انور نے ان سب کو السلام علیکم کہا اور پھر وہیں کھڑے کھڑے مارکی کو اچھی طرح ملاحظہ فرمایا۔ کارکنان میں کھڑے مکرم عبدالعزیز مبشر صاحب جو شعبہ میں پہلی مرتبہ ڈیوٹی کیلئے آئے تھے اور گزشتہ کچھ عرصہ سے کافی بیمار تھے، انہیں دیکھ کر حضور انور نے ان کا حال دریافت فرمایا۔ انہوں نے اپنی بیماری کی تفصیل بتاتے ہوئے صحت کی بہتری کا بتایا۔ پھر حضور انور نے کارکنان میں کھڑے ملک عثمان صاحب کی صحت نیز ان کی شادی کی تاریخ کی بابت دریافت فرمایا، جو انہوں نے حضور انور کی خدمت میں عرض کی۔

پھر حضور انور طعام گاہوں کے پاس سے گزرے جنہیں امسال ایک ہی لائن میں لگایا گیا تھا اور اس ایریا کو فوڈ سٹریٹ کا نام دیا گیا تھا، تو مکرم ناصر خان صاحب نے وہاں کی ٹیموں کا تعارف کروایا۔ ضعفاء و معذوران کی طعام گاہ کے قریب سے گزرتے ہوئے اس نظامت کے ناظم مکرم فضل الرحمٰن ناصر صاحب کے بارہ میں مکرم ناصر خان صاحب نے عرض کیا کہ حضور یہ ہمارے نئے ناظم ہیں۔ حضور انور نے مکرم فضل الرحمٰن صاحب کی طرف نظر شفقت ڈالتے ہوئے فرمایا اچھا یہ نئے ناظم ہیں؟ اچھا ماشاء اللہ

حضور انور عام طعام گاہ کی مارکی کے پاس سے گزرے تو وہاں مہمان نوازی کی ٹیم لائن میں کھڑی تھی۔ مکرم ناصر خان صاحب نے عرض کیا کہ حضور یہ ہماری مہمان نوازی کی ٹیم ہے۔ حضور انور نے ازراہ شفقت کچھ دیر ان کے پاس توقف فرمایا اور ان سے دریافت فرمایا کہ آپ کھانا تقسیم کریں گے؟ جس پر انہوں نے اثبات میں جواب عرض کیا۔

جس جگہ سے بھی حضور انور کا گزر ہوتا، آپ کے انتظار میں آنکھیں بچھائے کارکنان اپنے آقا پر نظر پڑتے ہی جوش فرحت و جذبات میں نعرہ ہائے تکبیر اللہ اکبر کی صدائیں بلند کرنے لگتے۔

ریویو آف ریلیجنز کی مارکی کے سامنے پہنچنے پر مکرم عامر سفیر صاحب ایڈیٹر ریویو آف ریلیجنز نے حضور انور سے مصافحہ کی سعادت پائی۔ حضور انور کے دریافت کرنے پر انہوں نے عرض کیا کہ مارکی کی ایک طرف قرآن کریم کی نمائش لگائی جائے گی، جس میں قرآن کریم کے دو سو سال سے سات سو سال پرانے نسخہ جات رکھے جائیں گے اور دوسری طرف کفن مسیح کی نمائش لگائی جائے گی، جس میں کفن مسیح کا Life size Replica بھی رکھا جائے گا۔ مکرم عامر سفیر صاحب نے عرض کیا کہ ان چیزوں کی حفاظت کے لئے سکیورٹی کی ضرورت ہوگی۔ حضور انور نے فرمایا سکیورٹی کی ڈیوٹی خدام الاحمدیہ والے کر لیں گے، تم یہ اعلان نہ کرنا کہ یہ چیزیں کافی مہنگی ہیں۔

جلسہ سالانہ کے دفتر کے قریب سے گزرتے ہوئے حضور انور نے دریافت فرمایا یہ جلسہ سالانہ آفس ہے؟ مکرم ناصر خان صاحب نے عرض کیا جی حضور۔ پھر حضور انور نے وہاں کھڑے کارکنان کو السلام علیکم کہا اور جلسہ سالانہ کے ایڈیشنل ناظم آفس نمبر 1 مکرم ملک اسد احمد صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ملک صاحب ٹھیک ہیں! انہوں نے عرض کیا جی حضور۔

پریس اینڈ میڈیا کی مارکی کے بارہ میں حضور انور نے دریافت فرمایا یہ کیا ہے؟ مکرم ناصر خان صاحب نے عرض کیا کہ یہ انٹرنیشنل پریس ہے۔ پھر حضور انور مارکی کے اندر تشریف لے گئے۔ مارکی کے اندر ایک ٹی وی سٹینڈ کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے حضور انور نے مکرم عابد وحید خان صاحب انچارج پریس اینڈ میڈیا سے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے، یہاں ٹچ سکرین لگانی ہے؟ ان کے اثبات میں جواب عرض کرنے پر حضور انور نے فرمایا اچھا کمال ہو گیا۔ مکرم عابد خان صاحب نے حضور انور کی طرف سے اس حوصلہ افزائی پر حضور کا شکریہ ادا کیا۔ مارکی کے اندر لگے کچھ چارٹس اور بینرز وغیرہ کو دیکھ کر حضور انور نے پسندیدگی کا اظہار فرماتے ہوئے مکرم عابد خان صاحب سے کہا کہ چلو تمہاری مارکی میں کچھ چارٹس وغیرہ تو لگے ہوئے ہیں، باقی مارکیاں تو ابھی بالکل خالی ہیں۔ پھر حضور انور کے دریافت کرنے پر مکرم عابد وحید خان صاحب نے عرض کیا کہ مارکی کی ایک جانب معلوماتی چارٹس اور بینرز وغیرہ لگائے جائیں گے اور ایک جانب لوگوں کے بیٹھنے اور ان کے انٹرویوز وغیرہ کا انتظام کیا جائے گا۔ حضور انور نے مکرم عابد خان صاحب سے دریافت کیا کہ امیر صاحب (یوکے) کا انٹرویو لے لیا ہے؟ مکرم عابد خان صاحب نے عرض کیا کہ ابھی لینا ہے۔ حضور انور نے مسکراتے ہوئے فرمایا ان کے انٹرویو کے لئے کچھ مشکل قسم کے سوال بنا لینا۔

پریس اینڈ میڈیا کی مارکی سے نکل کر حضور انور امسال خدمت خلق کے تحت شروع کئے جانے والے ایک نئے شعبہ سینٹرل کمانڈ آفس کے دفتر میں تشریف لے گئے۔ جس شعبہ کے تحت ایرینا میں مختلف مقامات پر لگائے جانے والے سی سی ٹی وی کیمروں کی مانیٹرنگ نیز ایرینا میں خدانخواستہ پیدا ہونے والی کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور کسی بھی معاملہ میں مدد بہم پہنچانے کے انتظامات کئے گئے تھے۔ مارکی کے اندر دونوں اطراف کھڑے کارکنان نے حضور انور کو السلام علیکم کہا۔ حضور انور نے سلام کا جواب دیا اور مسکراتے ہوئے ازراہ مزاح فرمایا یہ سارے کمانڈر ہیں؟ پھر حضور انور اس آفس کے کیبن میں تشریف لے گئے۔ مکرم فاروق آفتاب صاحب ناظم آفس اور ایک کارکن نے اس سارے سیٹ اپ کی تفصیل حضور انور کی خدمت اقدس میں پیش کرتے ہوئے عرض کیا کہ اس شعبہ کے تحت مختلف خدام کو ٹریننگ دے کر حدیقۃ المہدی کی مختلف اطراف میں ان کی حفاظتی پوسٹیں قائم کی جائیں گی، جن کا اس سینٹرل کمانڈ آفس کے ساتھ واکی ٹاکی کے ذریعہ براہ راست رابطہ ہوگا۔

کچھ خدام کو ٹریننگ دے کر اس آفس سے ان تمام کیمروں کو مانیٹر کیا جائے گا۔ ان خدام کو اس حوالہ سے بھی ٹریننگ دی جائے گی کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں کیا اور کس طرح رد عمل دکھانا ہے اور اس ہنگامی صورت پر قابو کس طرح پانا ہے۔ نیز ایرینا میں کسی بھی ہنگامی صورت کے پیدا ہونے پر اس دفتر سے رابطہ کیا جائے تو یہاں سے فوری طور پر

اس ہنگامی صورت سے نمٹنے اور مدد فراہم کرنے کے لئے کس طرح کارروائی کی جائے گی۔

اسی طرح سی سی ٹی وی کیمروں کی مانیٹرنگ کے نتیجہ میں ملنے والی معلومات پر بھی ضرورت کے پیش نظر فوری کارروائی کی جائے گی۔ حضور انور نے دریافت فرمایا کہ انفریمیشن اس دفتر میں آئے گی؟ جس پر محترم صاحبزادہ مرزا وقاص احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ یوکے و افسر خدمت خلق نے اثبات میں جواب عرض کیا۔

یہاں سے حضور انور کمیونیکیشن کے دفتر کی طرف تشریف لے گئے۔ راستہ میں کھڑے کارکنان مسلسل اپنے آقا کو السلام علیکم کہہ رہے تھے اور آقا بھی اپنے خدام کو اسی طرح مسلسل وعلیکم السلام کی دعا سے نوازتے چلے جا رہے تھے۔ کمیونیکیشن کے دفتر میں حضور انور نے کمیونیکیشن کے سارے سسٹم کو ملاحظہ فرمایا اور بعض امور بھی دریافت فرمائے۔

اس کے بعد حضور انور ایلو پیتھک اور ہومیو پیتھک کی ڈسپینسریوں کے پاس سے گزرے۔ ہومیو پیتھک کی ڈسپینسری کے اندر نظر ڈالتے ہوئے جس میں درمیان میں پردہ لگا ہوا تھا، حضور انور نے دریافت فرمایا پیچھے کیا ہے؟ مکرم ڈاکٹر حفیظ بھٹی صاحب نے عرض کیا کہ حضور پیچھے خواتین کیلئے انتظام کیا گیا ہے۔ پھر حضور انور نے ایلو پیتھک کی ڈسپینسری کے سامنے کھڑے مکرم ڈاکٹر مظفر احمد صاحب اور ان کے شعبہ کے بعض کارکنان سے گفتگو فرمائی۔ ایک خادم کے بارہ میں فرمایا کہ یہ تو ڈاکٹر نہیں ہے۔ اس نے عرض کیا نہیں حضور۔ پھر ایک نوجوان سے دریافت فرمایا کہ تم ڈاکٹر ہو؟ انہوں نے عرض کیا جی حضور۔ حضور نے فرمایا اچھا پاس کر لیا ہے۔ انہوں نے عرض کیا جی حضور۔ حضور انور نے اس نوجوان ڈاکٹر کی حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے فرمایا اچھا کمال ہو گیا۔ پھر حضور انور نے ایک خادم سے دریافت فرمایا کہ وہ کیا کر رہے ہیں؟ اس خادم نے عرض کیا کہ اس نے ابھی جی سی ایس سی کا امتحان دیا ہے، جمعرات کو نتیجہ نکلنا ہے حضور کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔ حضور انور نے اس خادم کو کامیابی کی دعا دیتے ہوئے فرمایا ہاں 20 کو نتیجہ آنا ہے۔

اس کے بعد حضور انور ٹرانسلیشن کی مارکی میں تشریف لے گئے جہاں مکرم صفدر علی میاں صاحب نائب افسر جلسہ گاہ نے اس شعبہ سے متعلقہ امور کی تفصیل حضور انور کی خدمت اقدس میں پیش کی۔ حضور انور نے مارکی کو دیکھ کر فرمایا کہ یہ ساؤنڈ پروف ہے، بارش کی آواز تو اندر نہیں آئے گی۔ مکرم صفدر میاں صاحب نے عرض کیا کہ حضور مارکی تو ساؤنڈ پروف نہیں لیکن ٹرانسلیشن کے جو بارہ بوتھ مارکی کے اندر رکھے گئے ہیں وہ ساؤنڈ پروف ہیں۔

سائیٹ اور دفاتر وغیرہ کا معائنہ فرمانے کے بعد حضور انور 7:55 پر مردانہ مین مارکی کے مشرقی حصہ میں تشریف لائے، جہاں جلسہ سالانہ، جلسہ گاہ اور خدمت خلق کے افسران، نائب افسران، ناظمین اور معاونین اپنے اپنے شعبہ جات میں قطاروں میں بیٹھے ہوئے تھے۔ حضور انور کے مارکی میں داخل ہونے پر تمام کارکنان نے کھڑے ہو کر نعرہائے تکبیر اللہ اکبر سے حضور انور کے استقبال کی سعادت پائی تو مارکی کارکنان کے ان پرجوش نعروں سے گونج اٹھی۔

حضور انور سٹیج پر رونق افروز ہوئے اور تلاوت قرآن کریم سے ڈیوٹیوں کے معائنہ کی بابرکت تقریب کا آغاز ہوا۔ عزیزم نصر احمد ارشد اور عزیزم مصطفیٰ احمد صدیقی طلباء جامعہ احمدیہ یوکے نے علی الترتیب تلاوت قرآن کریم اور اس کا انگریزی ترجمہ پیش کیا۔ جس کے بعد حضور انور نے درج ذیل خطاب سے کارکنان کو نوازا۔ تشہد، تعوذ اور تسمیہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔

خطاب کے بعد حضور انور نے دعا کروائی اور پھر چند منٹ کے لئے حضور انور لجنہ کی طرف تشریف لے گئے۔ لجنہ کی مارکی سے نکل کر حضور انور ایم ٹی اے کی مارکی میں تشریف لے گئے۔ حضور انور نے ازراہ شفقت وہاں موجود اکثر کارکنان کو مصافحہ کی سعادت بخشی اور بعضوں کو ان کے اسماء سے بھی ساتھ ساتھ پکارا۔ مکرم مبارک صدیقی صاحب سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ وہ جلسہ کے ایام میں کہاں ٹھہریں گے؟ انہوں نے عرض کیا کہ وہ روزانہ لندن سے آیا کریں گے۔ حضور انور نے فرمایا کہ جلسہ کے تینوں دن روزانہ صبح آئیں گے اور رات کو واپس جائیں گے؟ انہوں نے اثبات میں جواب عرض کیا۔ پھر حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کی ذمہ داری کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ حضور پریزینٹر ہوں۔ حضور انور نے فرمایا پھر تو کوئی ایسا بوجھ نہیں ہے۔ مکرم ایاز محمود خان صاحب کے بارہ میں حضور انور نے دریافت فرمایا کہ یہ پریزینٹر ہے یا ٹرانسلیٹر ہے؟ مکرم آصف محمود باسط صاحب نے عرض کیا کہ حضور پریزینٹر ہیں۔ مکرم صباح الظفر صاحب کے بارہ میں حضور انور نے ازراہ شفقت فرمایا کہ جب کوئی نہ ملے تو یہ پریزینٹر بھی بن جاتا ہے، آسٹریلیا میں کوئی نہیں تھا تو انہوں نے اسے پریزینٹر بنا دیا تھا۔

بعد ازاں حضور انور ایم ٹی اے افریقہ والے حصہ میں تشریف لے گئے جہاں مکرم عمر سفیر صاحب نے اور ان کی ٹیم نے ایم ٹی اے افریقہ کی طرف سے جلسہ سالانہ یوکے کے موقعہ پر چلائے جانے والے بعض پروگرام کے بارہ میں حضور انور کو بتایا اور بعض پروگراموں کے کچھ حصوں کو حضور انور نے ملاحظہ بھی فرمایا۔

اسی طرح اس مارکی کے پروگرامنگ ڈیپارٹمنٹ والے حصہ میں مکرم آصف محمود باسط صاحب اور ان کی ٹیم نے جلسہ سالانہ یوکے کے موقعہ پر ایم ٹی اے ون اور ایم ٹی اے ٹو پر چلنے والے بعض پروگراموں کی تفصیل حضور انور کی خدمت اقدس میں پیش کی اور حضور انور نے بعض اردو اور انگریزی زبانوں کے پروگراموں کو کچھ دیر ملاحظہ بھی فرمایا۔ ایک پروگرام میں دکھائے جانے والے ربوہ کے مناظر میں سے ایک منظر کو حضور انور نے ریوائنڈ کرنے کا ارشاد فرمایا اور پھر اس منظر میں نظر آنے والے پودوں کے بارہ میں حضور انور نے ٹی وی سکرین پر انگلی لگا کر بتایا کہ یہ پودے میں نے لگوائے تھے۔ انگریزی کے ایک پروگرام کو حضور انور نے اپنے دست مبارک سے ماؤس کی مدد سے فاسٹ فارورڈ کر کے ملاحظہ فرمایا۔

حضور انور نے ایم ٹی اے کے بعض اور حصوں کا بھی معائنہ فرمایا جن میں سٹور، ایم ٹی اے 3 العربیہ اور آئی ٹی وغیرہ کے ڈیپارٹمنٹ شامل تھے۔

لجنہ سے ملاقات اور ایم ٹی اے کی مارکی کے معائنہ کے بعد 8:10 پر حضور انور مردانہ مین مارکی کے مغربی حصہ میں تشریف لائے، جہاں عشائیہ کا انتظام کیا گیا تھا اور تمام کارکنان جلسہ اپنے آقا کے انتظار میں وہاں جمع تھے۔ چنانچہ حضور انور کی تشریف آوری پر تمام کارکنان جلسہ نے اپنے آقا کی معیت میں عشائیہ کی سعادت پائی۔

عشائیہ کے بعد حضور انور جلسہ سالانہ یوکے کی لئے ایم ٹی اے 1، ایم ٹی 3 العربیہ اور ایم ٹی اے افریقہ کے پروگراموں کی ریکارڈنگ کے لئے حدیقۃ المہدی میں بنائے جانے والے عارضی سٹوڈیوز میں تشریف لے گئے اور تینوں سٹوڈیوز کا باری باری معائنہ فرمایا۔ ایم ٹی اے ون کے سٹوڈیو میں کھڑے کارکنان سے مخاطب ہو کر حضور انور نے فرمایا کیا ہو رہا ہے، انٹرویو کر رہے ہیں؟ پھر سٹوڈیو کی شیشے کی ایک دیوار کے بارہ میں حضور کے دریافت فرمانے پر مکرم سلمان عباسی صاحب نے عرض کیا کہ حضور اسے ہم اچھی طرح صاف کریں گے اور اس پر انٹی فلٹر ڈالیں گے، جس سے باہر کی لائٹ اندر نہیں آئے گی اور سٹوڈیو کی لائیٹوں سے ہی اسے کنٹرول کریں گے۔

پھر حضور انور نے دریافت فرمایا کہ اس سٹوڈیو کی چھت ساؤنڈ پروف ہے، بارش کی صورت میں اوپر سے آواز تو نہیں آئے گی؟ مکرم منیر عودہ صاحب نے عرض کیا کہ حضور ساؤنڈ پروف تو نہیں ہے لیکن بارش کی آواز نہیں آئے گی۔

تیسرے سٹوڈیو کو ملاحظہ فرماتے ہوئے بھی حضور نے اسی قسم کا سوال دریافت فرمایا اور پھر وضاحت فرمائی کہ اس کی دیواریں اور چھت ساؤنڈ پروف تو نہیں ہوں گی ایکو پروف ہوں گی، باہر کی آواز تو آئے گی، اندر کی ایکو نہیں ہوگی؟ مکرم منیر عودہ صاحب نے اس پر اثبات میں جواب عرض کیا۔ پھر حضور انور نے فرمایا کہ اگر چھت پر ایک بڑا سا Chandelier لگا دیا جائے تو وہ بھی ایکو اور Vibration کو کنٹرول کرتا ہے۔

